# ایزگارڈ نائن لمیٹڈ

AZGARD-9

رجسٹرڈ آفس: اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور، پاکستان۔ فون: 95-35761794 (42 92+)
فیکس: 35761791 (42 92+)، ای میل: info@azgard9.com، ویب سائٹ: www.azgard9.com


## ڈائریکٹرز کا انتخاب
## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4)159 کے تحت نوٹس

ایزگارڈ نائن لمیٹڈ (' کمپنی ') کے ممبران کو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4)159 کے تحت مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل افراد نے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور، پاکستان میں بروز بدھ 03 اپریل 2024 کو صبح 11:30 بجے منعقدہ کمپنی کے آئندہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب میں متعین کیٹیگریز میں حصہ لینے کا عندیہ ظاہر کیا ہے :

| نمبر شمار | کیٹیگری نمبر شمار | امیدواروں کے نام | منتخب کیئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد |
|---|---|---|---|
| **خاتون ڈائریکٹر کیٹیگری** | | | |
| 1 | 1 | ملیحہ صاردہ اعظم | 1 |
| **آزاد ڈائریکٹرز کیٹیگری** | | | |
| 2 | 1 | عابد حسین | 2 |
| 3 | 2 | احسان احمد | |
| 4 | 3 | شیخ فرخ محمود | |
| **دیگر ڈائریکٹرز کیٹیگری** | | | |
| 5 | 1 | محمد وسیم بٹ | 4 |
| 6 | 2 | ناصر علی خان بھٹی | |
| 7 | 3 | سید حسن اکبر کاظمی | |
| 8 | 4 | عثمان رشید | |
| 9 | 5 | زاہد محمود | |

چونکہ صرف ایک خاتون نے خود کو خاتون ڈائریکٹر کی کیٹیگری میں منتخب کیے جانے کیلئے پیش کیا ہے جو اس کیٹیگری کیلئے مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے، لہٰذا مذکورہ خاتون کمپنی کے آئندہ غیر معمولی اجلاس عام میں انتخاب کی تاریخ سے تین سال کی مدت کیلئے کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر منتخب تصور کی جائے گی۔

چونکہ ان اشخاص کی تعداد جنہوں نے خود کو آزاد اور دیگر ڈائریکٹرز کی کیٹیگریز میں منتخب کیے جانے کیلئے پیش کیا ہے، مذکورہ کیٹیگریز کیلئے مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہے۔ لہٰذا، ان کیٹیگریز میں کمپنیز ایکٹ، 2017 اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد/ضوابط کے مطابق آئندہ غیر معمولی اجلاس عام میں انتخاب کی تاریخ سے تین سال کی مدت کیلئے ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔

مذکورہ امیدواروں کے پروفائلز اور آزاد ڈائریکٹرز کیلئے امیدواروں کے انتخاب کا جواز کمپنی کی ویب سائٹ www.azgard9.com پر رکھ دیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ
**محمد اویس**
کمپنی سیکرٹری

27 مارچ 2024
لاہور

## ■ نوٹ:

1- ایک ممبر ہر کیٹیگری میں اسکے پاس ووٹنگ حصص اور متعلقہ کیٹیگری میں منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد کے حاصل ضرب کے برابر ووٹوں کا حامل ہوگا۔

مثال

| کیٹیگری | منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد | ملکیتی عمومی حصص کی تعداد | کل ووٹ |
|---|---|---|---|
| خاتون ڈائریکٹر | 1 | | ملکیتی عمومی حصص کی تعداد x1 = ووٹوں کی تعداد |
| آزاد ڈائریکٹرز | 2 | | ملکیتی عمومی حصص کی تعداد x2 = ووٹوں کی تعداد |
| دیگر ڈائریکٹرز | 4 | | ملکیتی عمومی حصص کی تعداد x4 = ووٹوں کی تعداد |

2- ایک ممبر ہر کیٹیگری میں اپنے تمام ووٹ کسی ایک امیدوار کو دے سکتا/سکتی ہے یا انہیں ایک سے زیادہ امیدواروں کے درمیان اپنی مرضی کے مطابق تقسیم کر سکتا/سکتی ہے۔

3- ہر کیٹیگری میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا امیدوار اس کیٹیگری میں منتخب قرار دیا جائے گا اور پھر اگلا سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا امیدوار اسی طرح منتخب قرار دیا جائے گا اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا تا آنکہ ہر کیٹیگری یعنی آزاد/دیگر ڈائریکٹرز میں منتخب کئے جانے والے تمام ڈائریکٹرز منتخب ہو جائیں۔

4- اگر کوئی ممبر کسی مخصوص کیٹیگری کیلئے متعین/حامل ووٹوں کی تعداد سے زیادہ ووٹ ڈالتا/ڈالتی ہے تو مذکورہ کیٹیگری کیلئے اسکے ووٹ مسترد کر دیئے جائیں گے۔

5- ایک کیٹیگری کے ووٹ کسی دوسری کیٹیگری میں دستیاب/استعمال نہیں ہوں گے، قطع نظر اس کے کہ اس کیٹیگری میں انتخاب ہے یا نہیں۔

## بذریعہ ڈاک یا الیکٹرانک موڈ (ای ووٹنگ) کے ذریعے ووٹ دینے کا طریقہ کار:

کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی دفعات کی تعمیل میں ممبران کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے ڈاک یا الیکٹرانک موڈ (ای ووٹنگ) کے ذریعے ووٹ دینے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے اور:

- **ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے سلسلے میں**، بیلٹ پیپر بشمول تقاضے اور جمع کرانے کا طریقہ کار شائع کیا جا رہا ہے۔

- **ای ووٹنگ کے سلسلے میں**، ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات بشمول ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، پاس ورڈ، ای ووٹ ڈالنے کی تاریخ وغیرہ میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کی طرف سے اُن ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست ای میل ایڈریسز اور موبائل نمبرز کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں موجود ہیں۔ سیکیورٹی کوڈز ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے ممبران کو بھیجے جائیں گے۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔ ووٹ ڈالنے کیلئے ای ووٹنگ لائنیں ممبران کیلئے 31 مارچ 2024 صبح 9:00 بجے کھلیں گی اور 2 اپریل 2024 شام 5:00 بجے تک دستیاب رہیں گی۔ تاہم، ایک بار جب کسی ممبر کی طرف سے ووٹ ڈال دیئے جائیں گے، تو اسے بعد میں ان کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

## سکروٹنائزر کی تقرری:

میسرز PKF FRANTS، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بطور سکروٹنائزر مقرر کیا گیا ہے جو کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 247 میں بیان کردہ تقاضوں کو پورا کرتے ہیں، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان سے QCR کی تسلی بخش درجہ بندی کے حامل ہیں اور ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کیلئے ضروری معلومات اور تجربہ رکھتے ہیں۔ سکروٹنائزر کی تقرری کا مقصد کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے ووٹنگ کی نگرانی اور توثیق کرنا ہے۔

ایزگارڈ نائن لمیٹڈ کے رجسٹرڈ دفتر، اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور، پاکستان میں 03 اپریل 2024 کو صبح 11:30 بجے ہونے والے اجلاس میں ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کیلئے بیلٹ پیپر

# ایزگارڈ نائن لمیٹڈ

AZGARD-9


رجسٹرڈ آفس: اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور، پاکستان۔ فون: 95-35761794 (42 92+)
فیکس: 35761791 (42 92+)، ای میل: info@azgard9.com، ویب سائٹ: www.azgard9.com


چیئرمین کا نامزد ای میل ایڈریس جہاں مکمل شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے: chairman@azgard9.com

| | |
|---|---|
| حصص دار / مشترکہ حصص داران کا / کے نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| ملکیتی عمومی حصص کی تعداد | |
| فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| سی این آئی سی نمبر / پاسپورٹ نمبر<br>(غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کریں) | |
| اضافی معلومات اور مفلوف کاغذات<br>(کاروباری ادارے، کارپوریشن اور وفاقی<br>حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

ڈائریکٹرز کا انتخاب: میں / ہم اپنے ووٹ درج ذیل امیدواروں کے حق میں ڈالتے ہیں جیسا نیچے ظاہر کیے گئے ہیں:

| خاتون ڈائریکٹر کیٹیگری | منتخب کیے جانے والے ڈائیریکٹرز کی تعداد = 1 | ووٹوں کی تعداد = 1 X ملکیتی عمومی حصص کی تعداد |
|---|---|---|
| نمبر شمار | امیدوار کا نام | ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد |
| 1 | ملیحہ صاردہ اعظم | بلا مقابلہ منتخب ہو چکی ہیں |

| آزاد ڈائریکٹرز کیٹیگری | منتخب کیے جانے والے ڈائیریکٹرز کی تعداد = 2 | ووٹوں کی تعداد = 2 X ملکیتی عمومی حصص کی تعداد |
|---|---|---|
| نمبر شمار | امیدواروں کے نام | ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد |
| 1 | عابد حسین | |
| 2 | احسان احمد | |
| 3 | شیخ فرخ محمود | |

| دیگر ڈائریکٹرز کیٹیگری | منتخب کیے جانے والے ڈائیریکٹرز کی تعداد = 4 | ووٹوں کی تعداد = 4 X ملکیتی عمومی حصص کی تعداد |
|---|---|---|
| نمبر شمار | امیدواروں کے نام | ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد |
| 1 | محمد وسیم بٹ | |
| 2 | ناصر علی خان بھٹی | |
| 3 | سید حسن اکبر کاظمی | |
| 4 | عثمان رشید | |
| 5 | زاہد محمود | |

حصص دار (ان) کے دستخط:      جگہ:      تاریخ:

## نوٹس / بیلٹ پیپر جمع کرانے کا طریقہ کار:

1. مکمل شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین جناب زاہد محمود کو ایزگارڈ نائن لمیٹڈ، اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہِ رومی، لاہور، پاکستان یا ای میل chairman@azgard9.com پر بھیجا جانا چاہیے۔
2. سی این آئی سی / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارمز 02 اپریل 2024 کو کاروباری اوقات کے دوران یا اس سے پہلے اجلاس کے چیئرمین تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد وصول ہونے والا کوئی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کیلئے قبول نہیں کیا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط سی این آئی سی / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مطابقت رکھتے ہونے چاہئیں۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، ترمیم شدہ بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔
6. کاروباری ادارے، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں با اختیار فرد کے سی این آئی سی کی کاپی اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 138 اور 139 کے مطابق تصدیق شدہ بورڈ ریزولوشن، پاور آف اٹارنی، اختیاری خط وغیرہ جو قابل اطلاق ہو، بیلٹ پیپر کے ساتھ منسلک ہونے چاہئیں۔ غیر ملکی کاروباری ادارے وغیرہ کی صورت میں تمام کاغذات پاکستان کے کونسل جنرل جو ممبر پر دائرہ اختیار رکھتا ہو سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔
7. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.azgard9.com پر بھی رکھ دیا گیا ہے۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع اصل / فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔